# نوجوان راستے پر

## نوجوان اور ان کے والدین کے لیے تعلیم کے بارے میں معلومات









**نوجوان راستے پر**

**نوجوان اور ان کے والدین کے لیے تعلیم کے بارے میں معلومات**

پانچواں ایڈیشن ، پہلی طباعت 2007 ،

© جملہ حقوق کا حقدار ادارہ : وزارت تعلیم Undervisningsministeriet 2007

مدیر

Søren Lærkner, Jeppe Johansen, Lisbeth Jensen og Birgit Heie

مدیر طباعت

Lisbeth Jensen

گریفیکل ڈیزاءن

Falk & musen

تصاویر

Peter Dahlerup

طباعت

Svendborg Tryk

ترجمہ

Dansk Flygtningehjælps Tolkeservice

مواد طبع شدہ اور نیٹ پر دستیاب ہے

طبع شدہ ایڈیشن: 978-87-7791-258-0 ISBN (trykt udgave)

نیٹ پر ایڈیشن: 978-87-7791-257-3 ISBN (online udgave)

نیٹ پر ایڈیشن www.vejledningsviden.dk پر، "Værktøjer" کے تحت دستیاب ہے

وزارت تعلیم اور وزارت انٹر گریشن کے باہمی تعاون سے نشر شدہ

Undervisningsministeriet og Integrationsministeriet

ناشر

Studie og Erhverv

Kratbjerg 201

3480 Fredensborg

T: 4848 5505

E: se@se.dk

www.se.dk

# فہرست


**پیش لفظ** **3**

**ایک اچھے مستقبل کے حصول کے لیے اپنے بچے کی مدد کریں** **4**

**تعلیم اور ملازمت کے بارے میں رہنمائی** **6**

**نوجوانان تعلیمات** **9**

**پیشہ ورانہ کورسز اور تعلیمات** **11**
EUD میں مصروف عمل 13
تعلیمات کا ڈھانچہ 15

**کالجی تعلیمات** **19**
Stx (سٹو ڈنٹ امتحان) 22
Hhx (اعلیٰ تجارتی امتحان) 23
Htx (اعلیٰ ٹیکنیکل امتحان) 24
Hf (اعلیٰ تیاری کے لیے امتحان) 25

**مزید مواقع** **27**
دسویں جماعت 27
Efterskole (رہائشی سکول) 29
Produktionsskole (صنعتی سکول) 30
Erhvervsgrunduddannelse - egu (بنیادی پیشہ ورانہ تعلیمات اور کورس) 32
Særlig ungdomsuddannelse (نوجوانوں کے لیے خاص تعلیمات) 33
بڑی عمر میں آنے والے نوجوانوں کے لیے تعلیمات 33
Husholdnings- og håndarbejdsskole (گھریلو کام اور سلائی وغیرہ کا سکول) 34
Ungdomsskole (سکول برائے نوجوانان) 34

**عملی معلومات** **35**

# پیش لفظ

## تمام نوجوان تعلیم حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں
## لیکن نوجوانوں پر شرائط بھی عائد کی جاتی ہیں

نویں جماعت کے بعد نوجوانوں کے لیے تعلیم حاصل کرنے کے کئ مواقع ہیں ۔ اس کتابچے میں، جسے وزارت تعلیم اور وزارت انٹرگریشن کے لیے Forlaget Studie og Erhverv a.s نے تشکیل دی ہے، نوجوانوں کے لیے مختلف تعلیمات اور حالیہ نئے مواقع کے بارے میں پڑھا جا سکتا ہے

پارلیمنٹ نے جون 2007 میں کئ قوانین پاس کئے ہیں جو سکول سے نوجوانان تعلیمات تک منتقلی کو مزید بہتراور کشادہ بناتے ہیں اوراس رہنمائی کو پختہ اور باہدف بناتے ہیں جو نوجوان اوراس کے والدین کو پیشکش کی جاتی ہے ۔ ایک متبدل دسویں جماعت، آٹھویں جماعت میں تعارفی کورسز، نویں اور دسویں جماعت سے آگے منتقلی کو آسان بنانے کے اقدامات، mentorordning (ماہر افراد کے زیر سایہ نظام)، پیشہ ورانہ کورسز اور تعلیمات میں تبدیلی اور مزید باہدف رہنمائی کے ذریعے سے سنجیدہ طریقے سے اس امر کو مرکزیت دی گئ ہے کہ زیادہ نوجوان نوجوانان تعلیمات شروع کریں اور اسے اختتام تک پہنچائیں ۔ یہ نوجوانوں کا حق ہے اور معاشرے کی ضرورت ہے

تعلیم حاصل کرنا ضروری ہے ۔ یہ کام کی ضمانت فراہم نہیں کرتا لیکن تعلیم یافتہ ہونا ملازمت کے ملنے اور ایک اچھی تنخواہ کے حصول کے امکانات اور مواقع کو واضح طور پر بڑھا دیتا ہے ۔ زنگدی میں نوجوان فرد کی نشو و نما کے حوالے سے بھی تعلیم اہمیت رکھتی ہے

نوجوانوں پر شرائط بھی عائد کی جاتی ہیں ۔ انہوں نے پڑھائ میں متحرک ہونا ہوتا ہے اور بھرپور تیاری کرکے حاضر ہوتا ہے ۔ کچھ علمی شرائط بھی مطلوب ہیں جن پر نوجوانوں نے پورا اترنا ہوتا ہے اور جن کا خیال رکھنا ضروری ہے ۔ایک اچھا مشورہ یہ ہے کے موجودہ تعلیمی مواقع کے بارے میں ممکنہ حد تک معلومات حاصل کی جائے

### مدد اور سہارا

انتخاب کے لیے کافی زیادہ مختلف تعلیمات ہیں ۔ اس لیے تعلیم اور کورس کے انتخاب اور اکثر اسے مکمل کرنے کے لیے نوجوانوں کو مدد اور رہنمائ کی ضرورت ہوتی ہے ۔ نوجوانوں کے تعلیمی انتخاب کے سلسلے میں والدین بڑا اثرو رسوخ رکھتے ہیں اوراس لیے والدین کی حیثیت سے اہم ہے کہ تعلیم، کورسز اور بازار روزگار سے واقفیت ہو تاکہ اپنے بچے کے انتخاب میں مدد کی جا سکے ۔ یہ اہم ہے کہ تعلیمی انتخاب نوجوان کی اہلیتوں، خواہش اور مشیت کی عکاسی کرے تاکہ وہ تعلیم شروع کرنے اور اسے مکمل کرنے کے لیے مستعد ہوں

اپنے بچے کی تعلیم کے سلسلے میں توقعات رکھنا اہم ہے، اتنی اونچی نہیں کہ تعلیم اور کورس کے چھوڑنے کا خطرہ ہو اور اتنے کم بھی نہیں کہ نوجوان تعلیم اور کورس میں مناسب چیلنج سے دوچار ہی نہ ہو

یہ کتابچہ موجودہ کافی تعلیمات، کورسز اور مواقع کے حوالے سے ایک عبوری خاکہ مہیا کرتا ہے ۔ UU-vejlederne (نوجوانان تعلیمات کے مشیر) کے ہاں اور UddannelsesGuiden- www.ug.dk پر مزید معلومات اور رہنمائ مل سکتی ہے



خیر اندیش

Bertel Haarder

وزیر تعلیم

# ایک اچھے مستقبل کے حصول کے لیے اپنے بچے کی مدد کریں

تعلیم ملازمت کی چابی ہے ۔ اس ملک میں رواج ہے اور توقع کی جاتی ہے کہ تمام نوجوان تعلیم حاصل کریں ۔ تعلیم ایک اچھی زندگی مع کام اوراچھی تنخواہ کے امکانات کو بڑھا دیتی ہے تاکہ خودکفیل ہوا جا سکے ۔ تعلیم یہ یقین دھانی کرتی ہے کہ معاشرے میں باقائدہ ایک تعلیم یافتہ قوت ملازمت طبقہ موجود ہے تاکہ ہماری آسودہ حالی کو برقرار رکھا جا سکے

## تعلیم ضروری ہے

مستقل کام کے لیے تعلیم اکثر لازمی ہوتی ہے ۔ سرویز سے یہ ظاہر ہے کہ اگر تعلیم نہ ہو تو بےروزگار ہونے کا خطرہ زیادہ ہو جاتا ہے ۔ اکثر کام تعلیم کے ہونے کا مطالبہ کرتے ہیں، کم ازکم ایک نوجوانان تعلیم اور کورس اور اکثر اعلی تعلیمات کا مطالبہ کیا جاتا ہے ۔ تعلیم حاصل کرنے پر لمبا عرصہ لگ سکتا ہے اور تگ و دو کا مطالبہ کیا جاتا ہے لیکن اس سے ہر فرد کی نشوونما ہوتی ہےاور دلچسپی کا بائث ہے









معاشرے کا ہر شعبہ تیز رفتار سے ترقی پزیر ہے، خصوصاً تعلیمات اور ملازمتوں کے شعبے ۔ یعنی پوری زندگی تعلیم حاصل کی جائے اور تعلیم کی تجدید ہوتی رہے ۔ یعنی یہ اہم ہے کہ واقع ہونے والی تبدیلیوں پر نظر ہو اور ان سے واقفیت ہو ۔ یہ اہم ہے کہ تعلیم کے انتخاب کے سلسلے میں دسترس حاصل ہو کہ تعلیم کے مشتمالات اور عناصر کیا ہیں اور تعلیم کن ملازمتوں کے لیے دروازہ کھولتی ہے

## تعلیم سب کے لیے ہے

آج کل تعلیم حاصل کرنے کے اتنے مواقع ہیں کہ اتنے مواقع پہلے نہ تھے ۔ کچھ تعلیمات اور کورسز کتابی ہیں اور دوسری تعلیمات اور کورسز دستکاری اور عملی نوعیت کے ہیں ۔
مختلف لمبائ کی تعلیمات اور کورسز ہیں، کچھ چھوٹے اور کچھ لمبے دورانیے پر محیط ہیں ۔ کافی تعلیمات اور کورسز میں مختلف درجے ہیں، مثلاً پیشہ ورانہ کورس اور تعلیمات میں جہاں مختلف اوقات پر فارغ ہوا جا سکتا ہے اور بعد ازاں واپس لوٹ کر تعلیم کو برقرار رکھا جا سکتا ہے

تمام تعلیمات اور کورسز میں کتابی شرائط ہیں ۔ کتابی کورسز میں بہت زیادہ پڑھا اور لکھا جاتا ہے اور دستکاری کورسز میں زیادہ مرکزیت عملی قابلیتوں پر ہے، لیکن اس کے ساتھ مثلاً ڈینش اور ریاضی جیسے مضامین میں اچھی بنیاد ہونی چاہیے ۔ کچھ تعلیمات اور کورسز مع تنخواہ ہیں اور دوسرے مع SU کے ہیں

# تعلیم اور ملازمت کے بارے میں رہنمائی

تعلیم اور کورس کے انتخاب کے سلسلے میں ایک تعلیمی مشیر کا استعمال اکثر ایک اچھی ترکیب ہوتی ہے جو تعلیم اور ملازمت کی تلاش میں مدد کر سکے ۔ تعلیمی مشیر کو تعلیم اور ملازمت کے حوالے سے واقفیت ہوتی ہے اور ایک عبوری خاکہ ہوتا ہے اور وہ نوجوان افراد کی صحیح تعلیم اور کورس کی تلاش میں مدد کرنے کے قابل ہیں ۔ اس لیے مقامی راہنمائی سنٹر Ungdommens Uddannelsesvejledning (نوجوانوں کے لیے تعلیمی رہنمائی) سے رابطہ کریں

مندرجہ ذیل کچھ الفاظ ہیں جو رہنمائی کے سلسلے میں مستعمل ہیں:

- **UU:** Ungdommens Uddannelsesvejledning (نوجوانوں کے لیے تعلیمی رہنمائی)
- **UU-center:** Ungdommens Uddannelsesvejledning کے لیے ایک متبادل لفظ
- **UU-vejleder:** ایک ماہر فرد جو نوجوانوں اور والدین کو تعلیم اور ملازمت کے سلسلے میں رہنمائی دیتا ہے
- **Uddannelsesbog:** تعلیمی کتاب، شاگرد کا بیان کہ وہ کیسے کام کر تا کرتی ہے اور سکول میں کیا حالات ہیں
- **Uddannelsesplan:** تعلیمی منصوبہ، شاگرد کا تعلیم کے انتخاب اور مستقبل کے بارے میں سوچ کے سلسلے میں بیان اور منصوبہ
- **SU:** حکومتی تعلیمی معاوضہ جس کے حصول کے لیے 18 سال سے زائد عمر والے افراد درخواست دے سکتے ہیں

## Ungdommens Uddannelsesvejledning (UU)

UU کے ہاں 25 سال کی عمر تک تمام نوجوان تعلیم اور ملازمت کے سلسلے میں رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں ۔ UU سکولوں کے باہمی تعاون کے نتیجے میں ایسی پیشکش کرتے ہیں جو نوجوانوں کو تعلیم اور کورس کے انتخاب میں مدد کرتے ہیں ۔ UU کے ادارے ملک بھر میں، UU سنٹر کی شکل میں منظم ہیں

## UU-vejleder

ایک UU-vejleder ایک تعلیم یافتہ فرد ہے جو نوجوانوں اور والدین کو ملازمت اور تعلیم کے سلسلے میں رہنمائی دیتا ہے ۔ UU-vejleder مختلف تعلیمات اور کورسز کے بارے میں معلومات تلاش کرنے کے سلسلے میں مدد کر سکتا ہے اور اسے معلوم ہے کہ تعلیم حاصل کرنے کے لیے کیا مطلوب ہے ۔ اس مشیر کے ساتھ نوجوان اور والدین ان تعلیمات اور کورسز کی نشاندہی کرتے ہیں جو نوجوان کی طلب کے مطابق ہوں اور داخلہ ممکن ہو

یہ مشیر تمام تعلیمات اور کورسز کے بارے میں واقفیت رکھتا ہے لیکن یہ بھی اہم ہے کہ والدین اور نوجوان مختلف مواقع کی کھوج میں خود دلچسپی ظاہر کریں ۔ یہ www.ug.dk پر تلاش کے ذریعے، مختلف تعلیمی اداروں کے سفر کرنے یا لائبریری پر دستیاب معلومات کو حاصل کرنے کے ذریعے سے واقع ہو سکتا ہے



## سکول میں رہنمائی

سکول میں UU-vejleder اور اساتذہ نوجوانوں اور والدین کی رہنمائی کرتے ہیں

UU-vejleder ذاتی رہنمائی کرتا ہے، یعنی مشیر ملازمت اور تعلیم کے بارے میں نوجوان سے گفتگو کرتا ہے ۔ طلباء کے Uddannelsesbog کی تشکیل کے عمل میں بھی UU-vejleder مدد کرتا ہے ۔ نویں یا دسویں جماعت میں طلباء Uddannelsesbog کو ایک ذاتی تعلیمی منصوبے کے ذریعے سے اختتام تک پہنچاتے ہیں ۔ تعلیمی منصوبے میں وہ درج کرتے ہیں کہ انہوں نے کون سی تعلیم اور کورس کا انتخاب کیا ہے

یہ اہم ہے کہ والدین ان امور میں دلچسپی لیں کہ بچے سکول کے دورانیے میں کیا سوچتے ہیں ۔ یہ ایک اچھا طریقہ ہے کہ Uddannelsesbog اور تعلیمی منصوبہ دونوں کو والدین پڑھیں اوراس حوالے سے بچوں سے بات کریں ۔ کیونکہ والدین نے تعلیمی منصوبے پر دستخط کرنے ہوتے ہیں اس لیے اہم ہے کہ وہ اس تعلیم اور کورس کو جانتے ہوں جس کا انتخاب ان کے بچے نے سکول کے بعد کیا ہے

## سکول کے بعد، نوجوانان تعلیم میں مصروف عمل

جب سکول کے بعد نوجوانان تعلیمات میں قدم رکھا جاتا ہے تو تعلیمی ادارے کے مشیر کو استعمال میں لایا جا سکتا ہے ۔ وہ ہر اس پہلو کے حوالے سے مدد کر سکتے ہیں جس کا تعلق تعلیم اور کورس سے ہو

## سکول کے بعد، نوجوانان تعلیمات میں عدم مصروف عمل

25 سال سے کم عمر رکھنے والے وہ نوجوان جنہوں نے نویں یا دسویں جماعت کے بعد سکول چھوڑ دیا ہے وہ مقامی UU-center سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں ۔ یہ مثلاً ان نوجوانوں کے لیے ہے جنہوں نے تعلیم اور کورس شروع نہیں کیا یا وہ نوجوان جو ایک تعلیم اور کورس میں مصروف عمل رہے ہیں لیکن فارغ ہونے سے پہلے چھوڑ دیا ہے

## آپ کا UU-center

اپنے مقامی UU-center سے مزید مدد حاصل کریں ۔ پتے اور ٹیلی فون نمبر سکولوں، لائبریریوں یا انٹر نٹ صفحے www.ug.dk پر دستیاب ہیں



Uddannelsesbog (چھٹی سے نویں جماعت): رہنماعی کا ذریعہ جس پر طالب علم سکول میں کام کرتے ہیں ۔ طلباء بیان کرتے ہیں کہ وہ کس طرح کام کرتے ہیں اور سکول میں کیا حالات ہیں ۔ وہ مستقبل کے بارے میں اپنے خوابوں کا بیان بھی کرتے ہیں اوراس تعلیم اور کورس کے بارے میں جس میں داخلے کا وہ سوچ رہے ہیں

Uddannelsesplan (نویں سے دسویں جماعت): تعلیمی منصوبہ، ایک ذاتی منصوبہ جہاں تعلیم کے حوالے سے طالب علم کی خواہشات اور انتخاب درج ہوتی ہیں ۔ منصوبے میں طالب علم کی قابلیتوں اور ان هدایاتی سرگرمیوں کا بیان ہوتا ہے جس میں طالب علم نے حصہ لیا ہوتا ہے ۔ تعلیمی منصوبہ دسویں جماعت یا اس منتخبہ نوجوانان تعلیم تک طالب علم کے ساتھ رہتا ہے ۔ منصوبے پر مشیر، والدین اور طالب علم دستخط کرتے ہیں

Erhvervspraktik: پیشہ ورانہ پریکٹیکل، نویں جماعت کے دوران طالب علم عموماً ایک ہفتے یا اس سے زیادہ عرصے کے لیے ایک کمپنی میں کام کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ طلباء کو مختلف ملازمتوں میں کام کرنے کا موقع ملتا ہے تاکہ وہ اندازہ لگا سکیں کہ آیا سکول کے بعد وہ اس خاص ملازمت میں تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں یا نہیں

Introduktionskurser: تعارفی کورسز، آٹھویں جماعت کے طلباء ایک تھوڑے عرصے کے لیے ایک یا زیادہ نوجوانان تعلیمات یاکورسز میں حصہ لے سکتے ہیں تاکہ انہیں تعلیم اور کورس کے مواقع اور شرائط کا اندازہ ہو سکے*

Brobygning: منتقلی کو آسان بنانے کا نظام نویں* اور دسویں جماعت کا حصہ ہے ۔ طلباء ایک یا زیادہ نوجوانان تعلیمات یاکورسز کی پڑھائی میں حصہ لیتے ہیں تاکہ انہیں اندازہ ہو سکے کہ وہ تعلیم یاکورس مکمل کر سکتے ہیں اور کیا متعلقہ شعبے میں تعلیم حاصل کرنا اور کام کرنے کی خواہش ہے ۔ ایک تعلیمی ادارے سے دوسرے تعلیمی ادارے تک منتقلی کو آسان بنانے کا یہ عمل erhvervsskole یعنی پیشہ ورانہ سکول یاکالج میں واقع ہو سکتا ہے


Mentor: ایک بالغ فرد جو تعلیمی عرصے کے دوران ایک نوجوان کی مدد کرتا اور رہنمائی فراہم کرتا ہے ۔ نویں جماعت کے وہ طلباء جن کو نوجوانان تعلیمات یاکورسز تک منتقلی کے دوران مسئلہ پیدا ہونے کا خطرہ ہو وہ ایک mentor کی مدد حاصل کر سکتے ہیں جو طالب علم کی ذاتی اور تعلیمی مدد کر سکتا ہے*

* یکم اگست 2008 سے لاگو



# نوجوانان تعلیمات

مندرجہ ذیل خاکہ سادہ طریقے سے کچھ مثالوں سے یہ واضح کرتا ہے کہ نویں اور دسویں جماعت کے بعدکون سے مختلف تعلیمی مواقع ہیں ۔ تیرکے نشانوں سے یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ تعلیمات اور کورس کا نتیجہ کون سے کام ہیں یاکون سی مزید تعلیمات کے لیے دروازے کھل جاتے ہیں ۔ ہر ایک تعلیم اور کورس کے بارے میں آئندہ صفحات پر پڑھیں





### تعلیم حاصل کرنے کے اچھے دلائل:

- ملازمت کے لیے زیادہ اچھے مواقع
- زیادہ تنخواہ
- ذاتی نشوو نما
- خود اعتمادی
- رتبہ

### تعلیم یاکورس میں آپ کو :

- تعلیم حاصل کرنے کی خواہش ہونی چاہیئے
- روزانہ بروقت آنا ہوگا
- سکول کا کام کرنا ہوگا
- متحرک ہو کر پڑھائی میں حصہ لینا ہوگا
- ذمہ داری اٹھانا اور خود مختار ہونا

# پیشہ ورانہ تعلیمات



،Erhvervsuddannelserne (EUD) پیشہ ورانہ تعلیمات، ان نوجوانوں کے لیے ہے جو ایسی ملازمت چاہتے ہیں جہاں پریکٹیکل اور کتابی کام کا امتزاج ہو، یعنی ہاتھوں اور دماغ دونوں کو استعمال کیا جاتا ہو ۔ کام ٹھوس نوعیت کا ہوتا ہے اور اپنی تگ و دو کا نتیجہ اکثر براہ راست دیکھا جا سکتا ہے

نویں اور دسویں جماعت کے بعد نوجوان فرد پیشہ ورانہ کورس کی ابتداء کر سکتا ہے ۔ یا تو ایک پیشہ ورانہ سکول پر، ،ایک کمپنی میں یا ایک ادرے میں ۔ یہاں ایک شعبے میں یا ایک دستکاری ہنر سیکھایا جاتا ہے

تمام کورسز بعد میں ملازمت فراہم کرنے کی طاقت اوراہلیت رکھتے ہیں ۔ خود مختار ہو کر اپنا فرم یا بسنس شروع کیا جا سکتا ہے ۔ اور اگر خواہش ہو تو آگے اعلی تعلیم حاصل کرنے کے لیے قدم اٹھایا جا سکتا ہے

## مختلف تعلیمات اور کورسز

انتخاب کے لیے بہت زیادہ اور مختلف تعلیمات اور کورسز موجود ہیں ۔ کورسز وسیع شعبوں پر حاوی ہیں اور 1½ تا 5½ سالوں پر محیط ہیں ۔ یہ کچھ مثالیں ہیں:

اگر transport og logistik یعنی ٹرانسپورٹ اور نقل و حرکت کے شعبے میں تعلیم کی خواہش ہو تو ڈرائیور یا سٹور کے کورس کا انتخاب کیا جا سکتا ہے ۔ اگر آلات ٹرانسپورٹ کے شعبے میں تعلیم کی خواہش ہو تو مثلاً میکینک یا karosserismed یعنی آلات ٹرانسپورٹ کے ڈھانچے کے لوہار کے کورس کا انتخاب کیا جا سکتا ہے

Bygge og anlæg یعنی تعمیراور تنصیبات کے شعبے میں مثلاً مستری، teknisk isolatør یعنی ٹیکنیکل آئی سولیٹر یا maskinsnedker یعنی مشین بڑھائی کے لیے تعلیم حاصل کی جا سکتی ہے

Bygnings- og brugerservice یعنی تعمیر اور سروس کے شعبے میں سروس اسسٹنٹ، سکیورٹی گارڈ یا رہائشی بلڈنگ کے ٹیکنیشن جیسی ملازمتوں کا انتخاب کیا جا سکتا ہے

اگر جانوروں، پودوں اور قدرتی ماحول کے شعبے میں کام کرنے کی خواہش ہو تو مثلاً anlægsgartner باغ مالی، کسان، skov-og naturtekniker یعنی جنگل اور قدرتی ماحول کا ٹیکنیشن جیسی ملازمتوں کا انتخاب کیا جا سکتا ہے ۔ اگر غذا کے شعبے میں کام کرنے کی خواہش ہو تو قصاب، gastronom یعنی فن باورچی گری کا ماہر یا نوکر کی تعلیم حاصل کی جا سکتی ہے

Krop og stil یعنی جسم اور فیشن کے شعبے میں نائی اور بیوٹیشن کی تعلیم حاصل کی جا سکتی ہے ۔ medie یعنی ذرائع ابلاغ کے شعبے میں فلم اور ٹی وی پروڈکشن جیسے شعبوں میں تعلیم حاصل کی جا سکتی ہے



جو نوجوان دکان، آفس یا کسی بینک میں کام کرنے کے خواہش مند ہیں وہ اشیاء بیچنے کا اسسٹنٹ، آفس تعلیم اور اقتصادی تعلیمات جیسی ملازمتوں کا انتخاب کر سکتے ہیں

Produktion og udvikling یعنی پروڈکشن اور ترقی کا شعبہ کئ تعلیمات کا احاطہ کئ ہوئے ہے، مثلاً finmekaniker یعنی دقیق اور چھوٹی اشیاء کا میکینک، plastmager یعنی پلاسٹک ساز اور لوہار۔ اگر دلچسپی بجلی، کنٹرول اور آئ ٹی کی طرف ہے تو procesoperatør یعنی پراسس آپریٹر، datatekniker، یعنی کمپیوٹر ٹیکنیشن، , automatiktekniker یعنی آٹومیکینک ٹیکنیشن یا الیکٹریشن کے شعبے میں تعلیمات کے مواقع ہیں

جو نوجوان صحت، دیکھ بھال یا pædagogik (پڑھانے اور سیکھانے کے امور) سے دلچسپی رکھتے ہیں تو وہ social-og sundhedsassistent یعنی سماجی اور صحت کی اسسٹنٹ یا tandklinikassistent یعنی دانتوں کی کلینک اسسٹنٹ کی تعلیمات کا انتخاب کر سکتے ہیں

### شعبے میں داخلہ

اگست 2008 سے تمام تعلیمات اور کورسز مندرجہ ذیل مشترکہ داخلی شعبوں میں منقسم ہیں:

- گاڑی، جہاز اور ٹراسپورٹ کے ذرائع
- تعمیر اور تنصیبات
- تعمیر اور سروس
- جانوروں، پودوں اور قدرتی ماحول
- جسم اور فیشن
- انسانوں کے لیے خوراک
- ذرائع ابلاغ پروڈکشن
- تجارت
- پروڈکشن اور ترقی
- بجلی، کنٹرول اور آئ ٹی
- صحت، دیکھ بھال اور pædagogik
- ٹرانسپورٹ اور نقل و حرکت





# EUD میں مصروف عمل

### کورس کی ابتداء

پیشہ ورانہ کورس کی ابتداء تین طریقوں سے ہو سکتی ہے:

- سکول کے ذریعے سے داخلہ جہاں سکول میں بنیادی دورانیے سے شروعات کی جاتی ہے
- پریکٹیکل کے ذریعے سے داخلہ جہاں سکول میں بنیادی دورانیے سے شروع ہونے سے پہلے ایک کمپنی میں شروعات کی جاتی ہے
- کسی کمپنی میں نظام mesterlære یعنی ماہر فرد کے زیر سایہ رہ کر، پہلے سال مشق کروائ جاتی ہے اور جس کے دوران سکول میں بہت کم پڑھائ ہوتی ہے

وہ نوجوان جن کے پاس کم ازکم ایک سال کی تعلیم ہے یا نویں جماعت کے بعد ایک سال کام کا تجرجہ ہے اور وہ pædagogik کے بنیادی تعلیمی دورانیے یا سماجی اور صحت کی اسسٹنٹ کے کورس کرنے کے خواہش مند ہیں تو ان افراد کے لیے بنیادی دورانیہ اختیاری ہے

**میں نل ساز ہوں ۔ یہاں پریکٹیکل کی جگہ تلاش کرنی ہوتی ہے ۔** میں نے کئ جگہ کوشش کی اور آخر کار جگہ مل گئ ۔ میں ٹیسٹ دورانیے کے لیے ایک فرم میں تھا جہاں میں نے ثابت کیا کہ میں لائق تھا اور اکیلے کام کر سکتا تھا ۔ آج میں اپنے کام سے بہت خوش ہوں

خالد، 24 سال

### داخلے کی شرائط

بنیادی دورانیے میں شروع کرنے سے پہلے قانون سکول کے تحت لازمی پڑھائ کے عرصے کی شرط کو پورا کیا ہو ۔ مثلاً نویں جماعت مکمل کی ہوئ ہو ۔ مرکزی دورانیے میں داخلے کے لیے بنیادی دورانیہ پاس کیا ہو اور زیادہ تر کورسز میں پریکٹیکل جگہ بھی مہیا ہو

### داخلے پر پابندی

کچھ پیشہ ورانہ تعلیمات اور کورسز میں ہر سال طلباء کی ایک مخصوص تعداد کو داخلہ ملتا ہے بجز اس کے کہ ایک کمپنی کے ساتھ تعلیمی معاہدہ ہو ۔ یعنی داخلے پر پابندی ہے

کچھ کورسز میں، مثلاً تخلیقی ذرائع ابلاغ شعبوں میں بنیادی دورانیے* میں ہی، داخلے پر پابندی ہے

دوسرے کورسز میں، مثلاً pædagogik کی بنیادی دورانیے اور سماجی اور دیکھ بھال اسسٹنٹ کے کورس میں صرف مرکزی دورانیے میں مخصوص تعداد کی تعلیمی نشستیں ہیں

* یکم اگست 2008 سے

اگر متعلقہ شعبے میں پریکٹیکل کی جگہ میسر ہو تو پھر ہمیشہ داخلہ مل جاتا ہے

### تعلیمی ضمانت

تمام طلباء حق رکھتے ہیں کہ جب انہوں نے بنیادی دورانیہ مکمل کر لیا ہو تو وہ منتخبہ داخلی شعبے میں آگے تعلیم کو برقرار رکھیں

لیکن داخلی شعبوں کے تمام کورسز کے لیے آزادنہ انتخاب نہیں ۔ اگر پریکٹیکل کی جگہ میسر ہو تو ایسے کورس شروع کرنے کا حق ہوتا ہے اگرچہ داخلے پر پابندی بھی ہو

### پڑھائی

پڑھائی پیشہ ورانہ سکولوں میں ہوتی ہے

### رہنمائی

اگر تعلیم اور کورس کے حوالے سے مسائل ہوں یا چھوڑنے کے بارے میں سوچا جا رہا ہو تو تعلیمی اور پیشہ ورانہ مشیروں یا رابطہ استاد کو استعمال کرنا اہم ہے

تمام پیشہ ورانہ تعلیمات اور کورسز میں تعلیمی اور پیشہ ورانہ مشیر ہوتے ہیں جو طلباء کی مدد کرتے ہیں ۔ کورس کے مکمل کرنے کے سلسلے میں جو امور بھی ہیں، سکول کے کام، پڑھائی کی عادات، حالات وغیرہ ان سب کے بارے میں مشورے اور رہنمائی ملتی ہے

کسی وقت بھی ایک UU-vejleder سے رابطہ کیا جا سکتا ہے جو کورس کے بارے میں تمام سوالات کے سلسلے میں مدد کر سکتا ہے، مثلاً اس بارے میں بھی کہ صحیح کورس کا انتخاب کیا گیا ہے یا نہیں

### رابطہ استاد

جب پیشہ ورانہ کورسز میں طالب علم کی حیثیت سے ابتداء کی جائے تو ایک رابطہ استاد منسلک کیا جاتا ہے جو پورے دورانیے کے عرصے میں مدد اور پشت پناہی کرتا ہے ۔ رابطہ استاد کے ہمراہ طالب علم نے ایک تعلیمی منصوبہ تشکیل دینا ہوتا ہے (صفحہ 8 دیکھیں) منصوبہ آئندہ تعلیمی دورانیے کو بیان کرتا ہے کہ وہ کتنے عرصے پر محیط ہو اور طالب علم نے کون سے مضامین کا چناؤ کرنا ہے ۔ ساتھ ساتھ منصوبے میں تبدیلی لائی جاتی ہے

میں سکول جانے سے اتنا خوش نہ تھا ۔ **آج میں نانبائی ہوں ۔** تعلیم کا دورانیہ تین سال اور ساتھ ماہ ہے ۔ تین سال کے لیے میں پریکٹیکل طور پر ایک نانبائی کے ہاں تھا ۔ یہ پرمشقت تھا لیکن مجھے کافی چیزیں کرنے کا موقع ملا اور وہاں وقت بیتانا مجھے اچھا لگا

Tonni، 25 سال





### Mentor

تعلیمی دورانیے کے دوران ایک mentor یغی تجربہ کار رہنما فرد کو منسلک کروانے کا موقع ہے

رہنمائی کا یہ نظام ایک طرح کی مدد اور پشت پناہی ہے جہاں ایک زیادہ تجربہ کار بالغ فرد ذاتی حالات اور نشوونما کے سلسلے میں ایک نوجوان کی مدد کرتا ہے اور رہنمائی فراہم کرتا ہے ۔ اگر نوجوان کو حاجت ہو تو تمام پیشہ ورانہ کورسز میں سکول کے ملازمین میں سے ایک فرد کو mentor کی حیثیت سے منسلک کرنے کا موقع ہے ۔ یہ امر کہ mentor کی ضرورت ہے اس کا ذکر مثلاً نوجوان کے تعلیمی منصوبے سے بھی واضح ہو سکتا ہے

### ٹریننگ کا دورانیہ/ قبل از پریکٹیکل

وہ نوجوان جن کی عمر 15 اور 18 سال کے درمیان ہے اور وہ قانون سکول کے تحت لازمی پڑھائی کی شرط کو پورا کرتے ہیں کچھ ملازمتوں میں ایک کمپنی کے ساتھ تین سے چھ ماہ کے ٹریننگ کے دورانیے کے لیے مع تنخواہ کے تقرری کے لیے معاہدہ کر سکتے ہیں ۔ نظام ٹریننگ کا مقصد یہ ہے کہ بعد میں باقائدہ تعلیمی معاہدہ تشکیل پایا جائے ۔ کمپنی میں ایک مخصوص شعبے میں کام سے نوجوان کو کئی کاموں کے بارے میں واقفیت حاصل ہوتی ہے

ٹریننگ کے دورانیے کے بارے میں معاہدے کے تشکیل کے سلسلے میں Ungdommens Uddannelsesvejledning نوجوانوں کی مدد کر سکتا ہے ۔ کچھ ملازمتوں میں اسے قبل پریکٹیکل سے معنون کیا جاتا ہے

## تعلیمات کا ڈھانچہ

### کتابی تعلیم اور پریکٹیکل کام

ایک پیشہ ورانہ کورس ایک بنیادی اور ایک مرکزی دورانیے پر مشتمل ہوتا ہے اور سکول اور ایک کمپنی یا ایک ادارے میں واقع ہوتا ہے ۔ نوجوان سکول یا ایک کمپنی میں تعلیم کا آغاز کر سکتا ہے ۔ تعلیم کا اختتام ایک svendeprøve یعنی طلب علمانہ ٹیسٹ/ fagprøve یعنی شعبہ ٹیسٹ (امتحان) کی صورت میں ہوتا ہے ۔ تعلیم مطالبہ کرتی ہے کہ متحرک اور خود مختار رہا جائے ۔ سکول کی پڑھائی اور کمپنی میں پریکٹیکل مشق کے دوران حاضر ہونا اور متحرک ہو کر حصہ لینا لازمی ہے

اگر نوجوان پریکٹیکل مشق کے لیے زیادہ مستعد ہے تو اکثر کورسز میں ایک کمپنی کے ساتھ تعلیمی معاہدہ کیا جا سکتا ہے اور کورس کا پہلا حصہ وہاں گزارا جا سکتا ہے ۔ اسے mesterlære یعنی ماہر فرد کے زیر سایہ کام کرنا کہا جاتا ہے ۔ جب نوجوان کو ایک کمپنی مل جاتی ہے جو mesterlære کے نظام کے تحت تعلیمی معاہدہ کے انعقاد کے لیے تیار ہے تو تعلیمی منصوبہ تیار ہو گا کہ نوجوان نے کمپنی میں کیا سیکھنا ہے ۔ اس سلسلے میں پیشہ ورانہ سکول مدد کرے گا

تقریبًا تمام پیشہ ورانہ کورسز میں سکول میں پڑھائی سے زیادہ پریکٹیکل کام کیا جاتا ہے

### بنیادی دورانیہ

تمام پیشہ ورانہ کورسز میں سکول کا حصہ ایک بنیادی دورانیے سے شروع ہوتا ہے جہاں کتابی پڑھائی اور پریکٹیکل کام بدل بدل کر آتے ہیں ۔ بنیادی دورانیہ ایک لازمی حصے اور ایک اختیاری حصے پر مشتمل ہے جہاں مضامین کا خود چناؤ کیا جاتا ہے ۔ بنیادی دورانیہ عموماً 20 ہفتوں پر محیط ہوتا ہے

### Grundforløbspakker یعنی بنیادی تشکیل کردہ دورانیے

عام بنیادی دورانیوں کے علاوہ یکم جنوری 2008 سے سکول خاص بانظم بنیادی دورانیوں کی پیشکش کریں گے جسے بنیادی تشکیل کردہ دورانیے کہا جاتا ہے

بنیادی تشکیل کردہ دورانیے غیر واضح طلباء یا ایسے طلباء کے لیے موزوں اور مخصوص ہو سکتے ہیں جن کی علمی بنیاد کمزور ہو ۔ مثلاً ایسے طلباء ہو سکتے ہیں جنہیں زیادہ پائدار اور عمرانی حدود کی ضرورت ہو اور ساتھ ایسی پڑھائی درکار ہو جس میں انتخاب کے کم مواقع ہوں ۔ سکول ایسے طلباء کو بھی بنیادی تشکیل کردہ دورانیوں کی پیشکش کر سکتا ہیں جن کا معاملہ واضح ہے اور جنہوں نے حقیقت پسندانہ کورس کا انتخاب کیا ہے، مثلاً ایسے طلباء جن کے پاس تعلیمی معاہدہ ہے، پیشگی تعلیم یافتہ ہیں یا لمبے عرصے پر محیط پیشہ ورانہ تجربہ ہے





**میں نے سماجی اور صحت کے اسسٹنٹ کی تعلیم حاصل کی ہے تم اپنے آپ پر یقین رکھو ۔** تعلیم حاصل کرنا کافی محنت کا مطالبہ کرتا ہے ۔ روزانہ سکول جانا ہوتا ہے اور سکول کا کام کافی ہوتا ہے ۔ لیکن اگر اپنے آپ پر یقین ہو تو کام پورا ہو سکتا ہے

**Louise، 21 سال**

بنیادی تشکیل کردہ دورانیوں کے ذریعے سے طلباء کو ضرورت کی پڑھائی مہیا کی جاتی ہے تاکہ وہ ایک پیشہ ورانہ کورس مکمل کر سکیں ۔ ہر بنیادی تشکیل کردہ دورانیہ ہمیشہ لازمی مضامین اور شعبے کے مضامین پر مشتمل ہوتا ہے ۔ ان مضامین کو قابلیت کے اہداف کہا جاتا ہے ۔ علاوہ ازیں ہر بنیادی تشکیل کردہ دورانیہ مختلف اختیاری حصوں پر بھی مشتمل ہے جہاں، طالب علم علمی ضرورت کے تحت، مضامین کا خود چناؤ کر سکتا ہے

موجودہ بنیادی دورانیے آئندہ بھی ان طلباء کو پیش کئے جائیں گے جو ذاتی طور پر تشکیل کردہ بنیادی دورانیے اور اس کے زیادہ اختیاری مواقع سے مطمئن ہیں

بنیادی دورانیے کے دوران طالب علم نے مرکزی دورانیے کا چناؤ کرنا ہوتا ہے

### مرکزی دورانیہ

مرکزی دورانیہ دو دورانیوں پر مشتمل ہے جو بدل بدل کر آتے ہیں، سکول اور کام کی جگہ پر پریکٹیکل کے دورانیے ۔ مرکزی دورانیہ شروع کرنے کے لیے ایک بنیادی دورانیہ پاس کیا ہو اور ایک منظور شدہ کمپنی/ملازمت دھندہ کے ہاں پریکٹیکل کی جگہ ہو (تعلیمی منصوبہ)

کورس کا اختتام ایک امتحان/ طالب علمانہ ٹیسٹ /شعبہ ٹیسٹ پر ہوتا ہے

### پریکٹیکل

پیشہ ورانہ سکول کی جگہ حاصل کرنے میں مدد کرتا ہے اور متحرک ہو کر خود بھی پریکٹیکل کی جگہ تلاش کرنا ہوتی ہے

پریکٹیکل کی جگہ حاصل کرنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا ۔ اس کے لیے نوجوان مستعد ہو، صبر کرے اور پریکٹیکل کی جگہ کے لیے سفر کرنے کے لیے تیار ہو ۔ یہ اہم ہے کہ امید کو کبھی بھی قربان نہ کیا جائے ۔ اگر تفریحی اوقات میں کام کیا ہو تو یہ فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے ۔ اگر مثبت ہو کر ،متلاشی ہو کر اور ایک اچھا تاثر چھوڑنے کی کوشش کی جائے تو زیادہ امید ہے کہ کامیابی حاصل ہو ۔ والدین پریکٹیکل کی جگہ کے حصول کے لیے مدد اور پشت پناہی کریں ۔ دوستوں، لواحقین اور باقی خاندان کو استعمال کریں، ممکن ہے کہ وہ کسی کو جانتے ہوں

### سکول میں پریکٹیکل

اگر پریکٹیکل کی جگہ نہ ملے تو کچھ کورسز میں سکول پر ہی پریکٹیکل کی جاتی ہے

یعنی پریکٹیکل اور عملی حصہ کسی کمپنی کے بجائے پیشہ ورانہ سکول میں ہوتا ہے ۔ سکول میں ہی پریکٹیکل کرنے سے قبل متحرک ہو کر ظاہر کیا جائے کہ پریکٹیکل کی جگہ حاصل کرنے کی کوشش کی گئ ہے

### لیول اور معیار کی تقسیم

زیادہ پیشہ ورانہ کورسز لیول میں منقسم ہیں جس سے ایک لیول پر کورس کو اختتام کرنے کے زیادہ مواقع ہیں ۔ ہر لیول پر ختم کردہ کورس بازار روزگار میں مختلف ملازمتوں کی طرف رخ کرتا ہے ۔ ہر لیول آئندہ لیول کے لیے داخلہ مہیا کرتا ہے

وہ نوجوان جن کی علمی بنیاد اچھی ہے انہیں ایک مضمون کو اونچے لیول پر پڑھنے کا موقع مہیا ہے ۔ اگر آئندہ تعلیم کے لیے ضروری ہو تو ایک مضمون کو دوسرے سے بدلہ جا سکتا ہے

### ذاتی پیشہ ورانہ کورسز

کچھ طلباء کو ایک ذاتی پیشہ ورانہ کورس کی پیشکش کی جا سکتی ہے ۔ یہ ایک ایسا کورس ہے جو ایک یا زیادہ مختلف پیشہ ورانہ کورسز کے اجزا پر مشتمل ہوتا ہے اور سکول میں پڑھائ اورایک کمپنی میں پریکٹیکل اس کا حصہ ہے ۔ سکول ایک کمپنی کے ہمراہ کورس کی تشکیل کرتا ہے

### کم عرصے کے لیے پیشہ ورانہ کورسز

کم عرصے کے لیے پیشہ ورانہ کورسز بھی موجود ہیں ۔ ان کا ڈھانچہ بھی باقی کورسز کی طرح بنیادی اور مرکزی دورانیے پر مشتمل ہوتا ہے ۔ لیکن مرکزی دورانیہ کم عرصے پر محیط ہوتا ہے (1 سے 1½ سال) ۔ Mesterlære کے نظام کے تحت بھی کم عرصے کے لیے پیشہ ورانہ کورسز لیے جا سکتے ہیں

### تنخواہ اور SU

ایک پیشہ ورانہ سکول،ایک کمپنی میں یا ایک ادارے میں کورس کا آغاز ہو سکتا ہے ۔ اگر ایک کمپنی میں یا ایک ادارے میں کورس کا آغاز کیا جائے تو پورے کورس کے دوران تنخواہ ملتی ہے ۔ اگر سکول میں کورس کا آغاز ہو تو SU کے لیے درخواست دی جا سکتی ہے اور مرکزی دورانیے کے آغاز میں تنخواہ ملے گی

وہ نوجوان جن کی عمر 18 سال ہو گئ ہے وہ موجودہ قوانین کے تحت SU کے لیے درخواست دے سکتے ہیں

سکول میں پریکٹیکل کے دوران skolepraktikydelse یعنی سکول میں پریکٹیکل کا معاوضہ ملتا ہے



## کالجی تعلیمات

کالجی تعلیمات ان طلباء کے لیے ہے جو آگے اعلی تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ تعلیمات یہ ہیں:

- Stx سٹوڈنڈ امتحان (3 سال)
- Hhx اعلی تجارتی امتحان (3 سال)
- Htx اعلی ٹیکنیکل امتحان (3 سال)
- Hf اعلی تیاری کے لیے امتحان (2 سال)

### آگے اعلی تعلیم کے لیے تیاری

کالجی تعلیمات نوجوانوں کو آگے، مثلاً یونیورسٹیوں، سیمینارز اور نرسوں کے تعلیمی اداروں میں، اعلی تعلیم کے لیے تیار کرتے ہیں ۔ کام کرنے اور علم حاصل کرنے کے مختلف طریقہ کار سیکھائے جاتے ہیں ۔ کالجی تعلیمات میں زیادہ سکول کے کام کے لیے تیار رہنا چاہیے

### سکول کا کام

تعلیم کے دوران طلباء نے کچھ بڑے تحریری پراجیکٹس دینے ہوتے ہیں روزانہ سکول کا کام کرنے کی توقع کرنی چاہیے ۔ والدین اس کے لیے تیار ہوں کہ ان کے بچوں کو گھر میں سکول کے کام کے لیے وقت اور سکون درکار ہے



### پڑھائ

عام پڑھائ کے علاوہ کالجی تعلیمات میں تعلیمی سفر ہوتے ہیں جو پڑھائ کا ایک اہم حصہ ہیں ۔ یہاں مثلاً باہمی تعاون کرنا سیکھا جاتا ہے ۔ علاوہ ازیں سب طلباء کے لیے مشترک تقریبات ہوتی ہیں مثلاً تھیئیٹر ٹور، عجائب گھر جانا اور مروجہ لیکچرز

## مضامین

کالجی تعلیمات کچھ لازمی مضامین، تعلیمی لائنوں اور اختیاری اور چناؤ کے مضامین پر مشتمل ہے ۔ مضامین مختلف ہیں اور ان کا انحصار منتخبہ کالجی لائن پر ہے ۔ پڑھائ اور امتحان مختلف لیولز پر ہوتے ہیں

## داخلے کی شرائط

hhx, stx یا htx میں داخلے کے لیے مندرجہ زیل شرائط ہیں:

- سکول سے نویں یا دسویں جماعت فارغ کی ہو یا اس کی مثل تعلیم حاصل کی ہو
- نویں یا دسویں جماعت کے بعد ہی داخلے کی درخواست کی ہو
- سکول کے لازمی اختتامی امتحانات دیے ہوں*
- دو سے چار سال کے عرصے کے لیے فرینچ یا جرمن زبان میں امتحان کے لیے تیاری کی تعلیم وصول کی ہو ۔ اور اگر مضمون چناگیا تھا تو اس مضمون میں ٹیسٹ دیا ہو
- ایک منظور شدہ تعلیمی منصوبہ ہو

اگر اساتذہ اور مشیر طالب علم کے بارے میں شک میں ہوں کہ وہ تعلیم کو مکمل کر سکتا ہے تو وہ طالب علم کو ایک داخلہ ٹیسٹ کے لیے نام زد کر سکتے ہیں ۔ ٹیسٹ اس سکول میں واقع ہوتا ہے جہاں درخواست دی ہو

## تعلیمی مشیر

تمام کالجی تعلیمات میں تعلیمی مشیر ہوتے ہیں جو طلباء کو سکول کے کام، تعلیمی عادات وغیرہ کے بارے میں مشورے اور رہنمائ مہیا کر سکتے ہیں

اگر تعلیم کے دوران مسائل پیدا ہوں یا چھوڑنے کے بارے سوچا جا رہا ہو تو تعلیمی مشیروں کو استعمال کرنا اہم ہے

---

*** نویں جماعت کے بعد سکول میں اختتامی ٹیسٹز:**

- ڈینش میں دو ٹیسٹز، تحریری اور زبانی
- مضامین ریاضی، انگریزی اور فیزکس/کیمسٹری میں ایک ایک ٹیسٹ
- انگریزی، عیسائیت سے واقفیت، تاریخ، معاشرتی معلوم، جغرافیہ، حیاتیاتی سائنس کے مضامین، اور فرینچ یا جرمن
- کے پیشکش کردہ مضامین میں قرعہ کے ذریعے دو مضامین میں ٹیسٹز

**دسویں جماعت کے بعد سکول میں ٹیسٹز:**

دسویں جماعت ڈینش، ریاضی، انگریزی، فرینچ اور فیزکس/کیمسٹری کے مضامین میں ٹیسٹز سے فارغ کی جا سکتی ہے کچھ مضامین میں نویں جماعت کے لیول پر ٹیسٹز دینے کا انتخاب کیا جا سکتا ہے





## Stx (سٹوڈنڈ امتحان)

Stx تاریخ، تہذیب، سائنس اور معاشرتی علوم جیسے مضامین میں ایک وسیع واقفیت کا بائث ہے اور ایک اعلی تعلیم کے انتخاب کا پیش منظر ہے

تعلیم ایک عام کالجی تعلیم ہے جو ایک آدھے سال کے بنیادی دورانیے اور 2½ سال کے ایک منتخبہ تعلیمی لائن پر مشتمل ہے

### بنیادی دورانیہ

بنیادی دورانیہ تمام طلباء کے لیے مشترک ہو تا ہے ۔ یہاں کئ مضامین اور کام کے طریقہ کار سے تعارف ہو تا ہے جو بعد میں کالج میں استعمال ہوتے ہیں

### تعلیمی لائن

بنیادی دورانیے کے بعد ایک تعلیمی لائن کا انتخاب کرنا ہو تا ہے جو 2½ سال پر محیط ہو تی ہے ۔ تعلیمی لائن تین مضامین پر مشتمل ہو تی ہے ۔ مضامین کا آپس میں ربط ہو تا ہے اور یہ اس علمی لائن کی نشاندہی کرتے ہیں جس کارنگ اوراثر اختتامی امتحان پر چھایا ہوا ہو تا ہے ۔ جو طلباء ایک ہی لائن کا انتخاب کرتے ہیں وہ ایک ہی جماعت میں جاتے ہیں ۔ کالجوں کے مابین تعلیمی لائنوں میں فرق ہو سکتا ہے لیکن یہ سب مضامین سائنس، معاشرتی سائنسز یا زبان کے شعبوں کے تحت آتے ہیں

### مضامین

تعلیمی لائن میں موجودہ مضامین کے علاوہ لازمی مضامین میں پڑھایا جاتا ہے مثلاً ڈینش زبان، تاریخ،انگریزی، ریاضی ، فیزکس، مذہب، معاشرتی معلوم،یونانی تہذیب اور تاریخ سے شناسائ، سپورٹس، اور ڈینش کے علاوہ دوسری زبان ۔ ایک تخلیقی مضمون بھی ہو جیسے موسیقی یا آرٹ اور ان کے ساتھ حیاتیاتی سائنس،کیمسٹری اور جغرافیہ کے مضامین میں سے کم ازکم دو مضامین ہوں

اختیاری مضامین میں بھی پڑھایا جاتا ہے، مثلاً medie یعنی ذرائع ابلاغ کے شعبے کے مضامین

### داخلے کی شرائط

صفحہ 20 پر کالجی تعلیمات کے پیراگرف کے تحت دیکھیں

مجھے تو یقین تھا کہ میں نے کالج جانا ہے لیکن فی الواقع میرا رہجان بہت زیادہ تجارت اور ممکن ہے کہ ایکسپورٹ اور مارکیٹنگ کے شعبوں کی طرف تھا ۔ اس لیے stx کی جگہ میں نے hhx اور تجارتی سکول کا انتخاب کیا ۔ آج میں اس فیصلے سے خوش ہوں

Amalie ، 21 سال





## Hhx (اعلی تجارتی امتحان)

Hhx ان نوجوانوں کے لیے ہے جو تجارت اور زبان میں دلچسپی رکھتے ہیں ۔ Hhx خصوصاً تجارتی شعبوں میں ملازمت کے لیے داخلہ مہیا کرتا ہے ۔ تعلیم کے بعد اعلی تعلیم کے لیے آگے درخواست دی جا سکتی ہے

Hhx ایک آدھے سال کے بنیادی دورانیے اور 2½ سال کے ایک منتخبہ تعلیمی لائن کے دورانیے پر مشتمل ہے

### بنیادی دورانیہ

بنیادی دورانیہ تمام طلباء کے لیے مشترک ہو تا ہے ۔ یہاں کئ مضامین اور کام کے طریقہ کار سے تعارف ہو تا ہے جو بعد میں تعلیم میں استعمال ہوتے ہیں

### تعلیمی لائن

بنیادی دورانیے کے بعد ایک تعلیمی لائن کا انتخاب کرنا ہو تا ہے جو 2½ سال پر محیط ہو تی ہے ۔ تعلیمی لائن تین مضامین پر مشتمل ہو تی ہے ۔ مضامین کا آپس میں ربط ہو تا ہے اور یہ اس علمی لائن کی نشاندہی کرتے ہیں جس کارنگ اوراثر اختتامی امتحان پر چھایا ہوا ہو تا ہے ۔ جو طلباء ایک ہی لائن کا انتخاب کرتے ہیں وہ ایک ہی جماعت میں جاتے ہیں ۔ تجارتی کالج کی تعلیمی لائنوں کا رخ اقتصادیات، مارکیٹنگ اور بین الاقوامی معاملات کی طرف ہو تا ہے

### مضامین

تعلیمی لائن میں موجود مضامین کے علاوہ لازمی مضامین پڑھائے جاتے ہیں مثلاً ڈینش زبان، تاریخ،انگریزی، ریاضی ، معاشرتی معلوم، ڈینش کے علاوہ دوسری زبان،مارکیٹنگ، کمپنی مالیات، قانون اقتصادیات و تجارت، حالیہ تاریخ اور بین الاقوامی اقتصادیات ۔ اختیاری اور منتخبہ مضامین میں بھی پڑھایا جاتا ہے، مثلاً کمپیوٹر، فلسفہ اور مالیات

### داخلے کی شرائط

صفحہ 20 پر کالجی تعلیمات کے پیراگرف کے تحت دیکھیں

# Htx (اعلی ٹیکنیکل امتحان)

Htx ان نوجوانوں کے لیے ہے جو ٹیکنیک اور سائنس میں دلچسپی رکھتے ہیں ۔ تعلیم خصوصاً پیشہ ورانہ شعبے میں تقرری یا آگے اعلی تعلیم کے حصول کے لیے داخلہ مہیاکرتی ہے

Htx ایک آدھے سال کے ایک بنیادی دورانیے اور 2½ سال کے منتخبہ تعلیمی لائن کے دورانیے پر مشتمل ہے

## بنیادی دورانیہ

بنیادی دورانیہ تمام طلباء کے لیے مشترک ہوتا ہے ۔ یہاں کئ مضامین اور کام کے طریقہ کار سے تعارف ہوتا ہے جو بعد میں تعلیم میں استعمال ہوتے ہیں

## تعلیمی لائن

بنیادی دورانیے کے بعد ایک تعلیمی لائن کا انتخاب کرنا ہوتا ہے جو 2½ سال پر محیط ہوتی ہے ۔ تعلیمی لائن تین مضامین پر مشتمل ہوتی ہے ۔ مضامین کا آپس میں ربط ہوتا ہے اور یہ اس علمی لائن کی نشاندہی کرتے ہیں جس کارنگ اوراثر اختتامی امتحان پر چھایا ہوا ہوتا ہے ۔ جو طلباء ایک ہی لائن کا انتخاب کرتے ہیں وہ ایک ہی جماعت میں جاتے ہیں ۔ ٹیکنیکل کالج کی تعلیمی لائنوں کا رخ سائنس، ٹیکنالوجی ،مواصلات اور صحت کی طرف ہے

## مضامین

تعلیمی لائن میں موجود مضامین کے علاوہ لازمی مضامین پڑھائے جاتے ہیں مثلاً ڈینش زبان،انگریزی،ریاضی، ٹیکنیک کے مضامین، ٹیکنالوجی، ٹیکنالوجی کی تاریخ، مواصلات/ آئ ٹی، معاشرتی علوم ،فیزکس،کیمسٹری اور حیاتیاتی سائنس اختیاری اور منتخبہ مضامین میں بھی ایک منتخبہ لیول پر پڑھایا جاتا ہے، مثلاً پیشہ ورانہ اقتصادیات، پروگریمنگ اور فرینچ

## داخلے کی شرائط

صفحہ 20 پر کالجی تعلیمات کے پیراگرف کے تحت دیکھیں





# Hf (اعلی تیاری کے لیے امتحان)



Hf ان نوجوانوں کے لیے ہے جو وسیع کتابی تعلیم مع پڑھائ اور تحریری کام کے خواہش مند ہیں ۔ Hf دوسری کالجی تعلیمات کی طرح آگے اعلی تعلیم کے لیے داخلہ مہیاکرتا ہے لیکن اس کا رخ خصوصاً تھوڑے اور اوسط عرصے کی تعلیمات اور کورسز کی طرف ہے

Hf دو سالوں پر محیط ہے

## لازمی مضامین

تمام افراد نے مثلاً ڈینش زبان،انگریزی،ریاضی، سپورٹس اور ایک عملی/ موسیقل مضمون، مثلاً ڈیزائن یا موسیقی، میں پڑھائ حاصل کرنی ہوتی ہے ۔ اس کے ساتھ دو مضامین کے گروپ، تہذیب اور معاشرتی علوم (تاریخ، مذہب اور معاشرتی علوم) اور سائنس (حیاتیاتی سائنس، جغرافیہ اور کیمسٹری)

## اختیاری اورنمنتخبہ مضامین

چار مختلف مضامین تک کا انتخاب کرنا ہوتا ہے جنہیں آئندہ مزید اونچے لیول پر پڑھنے کی خواہش ہو


## داخلے کی شرائط

مندرجہ زیل شرائط ہیں:

- دسویں جماعت کو ڈینش، ریاضی،انگریزی کے مضامین میں ٹیسٹز سے فارغ کیا ہو
- نویں یا دسویں جماعت سے فیزکس/کیمسٹری کے مضمون میں ٹیسٹ سے فارغ کیا ہو
- دو سے چار سال کے لیے فرینچ یا جرمن زبان کے مضمون میں ٹیسٹ کے لیے تیاری کے مقصد کے لیے پڑھائ حاصل کی ہو اور قرعہ اندازی کے بعد نویں جماعت کا ٹیسٹ دیا ہو یا دسویں جماعت کا ٹیسٹ دیا ہو
- دسویں جماعت کے فوراً بعد داخلے کے لیے درخواست دی ہو
- ایک منظور شدہ تعلیمی منصوبہ پاس ہو

## Hf بڑے افراد کے لیے

حالانکہ سکول چھوڑے کئ سال ہوگئے ہوں پھر بھی ایک مضمون پڑھنے کے لیے Hf لینے کا موقع ہے ۔ ایک ایک مضمون لے کر انہیں اکھٹے ایک پورے Hf کے امتحان اور ڈگری کی شکل دینے سے یہ ممکن ہو جاتا ہے





# مزید مواقع

## دسویں جماعت

دسویں جماعت ایک اختیاری سکول کا سال ہوتا ہے جو بعد میں ایک نوجوانان تعلیم شروع کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے

پڑھائ ان نوجوانوں کے لیے ہے جنہیں سکول کے بعد اپنے علمی معیار کو پختہ کرنے کی ضرورت ہے اور ان نوجوانوں کے لیے ہے جو نوجوانان تعلیم کے انتخاب کے سلسلے میں بے یقینی کا شکار ہیں

دسویں جماعت کے طلباء نے متحرک ہو کر پڑھائ میں حصہ لینا ہو تا ہے اور وہ اس فیصلے میں شریک ہوتے ہیں کہ کلاس میں کیا ہونا ہے

### پڑھائ

دسویں جماعت ایک لازمی دورانیے اورایک اختیاری دورانیے پر مشتمل ہے جہاں مضمامین کا خود چناؤ کیا جاتا ہے

لازمی دورانیہ ڈینش،انگریزی اور ریاضی کے مضامین پر مشتمل ہے ۔ اس کے علاوہ ایک منتخبہ لازمی پراجیکٹ ہو تا ہے جو تعلیم اور ملازمت کے بارے میں ہو تا ہے ۔ اس پراجیکٹ کا تعلیمی منصوبے سے تعلق ہونا چاہیے

منتخبہ دورانیے کے مضامین میں سکول سے سکول فرق ہو سکتا ہے، یہ مضامین مثلاً سپورٹس،معاشرتی علوم، سائنس ، ٹیکنالوجی اور مواصلات یا اپنا بسنس استوار کرنے کے بارے میں مضمون ہو سکتے ہیں

میں کالج جانا چاہتا تھا لیکن میری ڈینش اتنی اچھی نہ تھی ۔ اس کی جگہ میں نے دسویں جماعت شروع کی اور اس کے بعد htx، ٹیکنیکل کالج شروع کیا ۔ یہ مشکل تھا اور امتحان میں میرے نمبر اونچی نہیں تھے ۔ لیکن میں پاس ہو گیا اور آج میں کوپن ہیگن یونیورسٹی میں فیزکس پڑھتا ہوں

Erkan، 22 سال

### منتقلی آسان بنانا

تمام طلباء کی منتقلی آسان بنانے کے لیے دو ہفتوں کا دورانیہ مہیا کیا جائے جہاں وہ ایک نوجوانان تعلیم کی پڑھائ میں حصہ لیں ۔ علاوہ ازیں اس عرصے کو چار ہفتوں تک رضاکارانہ طور پر بڑھایا جا سکتا ہے

پریکٹیکل کرنا اور کمپنی دیکھنے کے لیے جانے کے مواقع بھی ہیں ۔ صفحہ 8 پر مزید پڑھیں

### اختتامی ٹیسٹز

دسویں جماعت کے اختتام پر نویں یا دسویں جماعت کے لیول پر امتحانات دینے کا انتخاب کیا جا سکتا ہے

### تعلیمی منصوجہ

طالب علم گھراور سکول (UU-vejleder) کے ساتھ اپنا تعلیمی منصوبہ بناتا ہے ۔ یہ منصوبہ دسویں جماعت کے بعد صحیح تعلیم اور کورس کے انتخاب کے لیے اچھی بنیاد فراہم کرتا ہے

دسویں جماعت کئ جگھوں پر پڑھی جا سکتی ہے، مثلاً ایک سکول میں، دسویں جماعت کے سنٹر میں، پروئیوٹ سکول میں یا ایک efterskole (رہائشی سکول) میں





## Efterskole (رہائشی سکول)

کافی افراد اپنے قدموں پر کھڑا ہونے کے لیے اور اپنے آپ کو بہتر جاننے کے لیے efterskole پر جانے کا انتخاب کرتے ہیں

Efterskole ان طلباء کے لیے ہے جن کی عمریں 14 اور 18 کے درمیان ہیں ۔ طلباء سکول پر ہی رہتے ہیں لیکن کچھ وی کنڈز میں گھر جایا جا سکتا ہے

### پڑھائ

پڑھائ کا معیار، لیول اور مشتمالات سکول کی آٹھویں سے دسویں جماعت کی مثل ہے ۔ اکثر efterskole میں طلباء نویں یا دسویں جماعت کے لیول پر ٹیسٹز دے سکتے ہیں ۔ پڑھائ اگست میں شروع ہوتی ہے اور جون میں اختتام تک پہنچتی ہے، جیسے سکولوں میں ہوتا ہے

پورے ملک میں efterskole ہیں ۔ اکثر efterskole کی اپنی شناخت اور خاص عالامات ہوتی ہیں، نظریات یا علمی حوالے سے، مثلاً مندرجہ زیل امور کے سلسلے میں:

- ورزش اور سپورٹس
- قدرتی ماحول اور ماحولیات
- زبان اور تہذیب
- موسیقی، تھیئیٹر اور آرٹ
- گھریلو کام اور غذا
- خاص پڑھائ

کچھ سکول ان طلباء کے لیے خاص پڑھائ کی پکشکش کرتے ہیں جنہیں عام پڑھائ میں مشکل ہے

www.efterskole.dk پر efterskole کی فہرست دیکھی جا سکتی ہے






# Produktionsskole (صنعتی سکول)

صنعتی سکول ان نوجوانوں کے لیے ہے جو ابھی ایک آگے قابلیت فراہم کرنے والی نوجوانان تعلیم شروع کرنے کے لیے تیار نہیں ۔ یہ سکول ایک ایسی پڑھائی کی پیشکش کرتا ہے جس کی بنیاد پریکٹیکل کام اور صنعت پر ہے ۔ پڑھائی کی تشکیل ذاتی بنیادوں پر کی جاتی ہے

پڑھائی کا مقصد نوجوانوں کی ذاتی نشوونما کو پختہ کرنا ہے اور ایک تعلیم کو مکمل کرنے اور کام حاصل کرنے کے مواقع کو بہتر بنانا ہے ۔ صنعتی سکول پر نوجوان ایسی قابلییں حاصل کرتا ہے جو اسے آگے قابلیت فراہم کرنے کی نوجوانان تعلیمات اور کورس کو مکمل کرنے میں ممد ثابت ہوں

## پڑھائی

پڑھائی کی سرگرمیاں مختلف دستکاری جگہوں کے ارد گرد گومتی ہیں جہاں پریکٹیکل کام اوراس کا حل کتابی پڑھائی کے ساتھ مشترک ہوتا ہے ۔ علاوہ ازیں سکول عام مضامین میں پڑھائی کی پیشکش کرتے ہیں تاکہ طلباء ایک نوجوانان تعلیم اور کورس شروع کرنے کے لیے تیار ہوں



صنعتی سکول پر ایک دورانیے کے 1/3 حصے کو دوسرے سکولوں پر پڑھائی کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ مثلاً VUC پر عام مضامین میں پڑھائی یا پیشہ ورانہ سکول میں بنیادی دورانیے کا جزوی حصہ ۔ جو طلباء صنعتی سکول میں سکول کے دورانیے پر تین ماہ سے زیادہ وقت لگاتے ہیں انہیں عموماً دو سے پانچ ہفتوں کے ایک ایسے مشترک دورانیے کو شامل کرنا ہوتا ہے جو آگے ایک قابلیت فراہم کرنے والی تعلیم میں منظورشدہ تصور ہو ۔ جو طلباء حصہ لے رہے ہیں وہ ہر شروع کئے ہوئے آدھے سال کے دورانیے میں چار ہفتوں کے لیے پریکٹیکل کر سکتے ہیں

پڑھائی کی بنیاد مثلاًان شعبوں میں دستکاری جگہوں پر پریکٹیکل کام سے معنون ہے:

- درخت اور دھات
- ٹیکسٹائل اور ڈیزائن
- کچن اور کنٹین
- مالی کاکام اور زراعت
- آٹی اور مواصلات
- موسیقل/ تخلیقی مضامین

## تنخواہ

صنعتی سکول پر skoleydelseیعنی سکول معاوضہ ملتا ہے

## داخلے کی شرائط

- صنعتی سکول ان 25 سال سے کم عمر رکھنے والے طلباء کو پڑھائی کی پکشکش کرتا ہے جنہوں نے آگے ایک قابلیت فراہم کرنے والی تعلیم یاکورس مکمل نہیں کیا اور جو فی الحال اس طرح کی تعلیم شروع کرنے کی حیثیت میں نہیں یا جنہوں نے ایک نوجوانان تعلیم کو منقطع کیا ہے
- نویں جماعت کو فارغ کیا ہو یا دوسرے طریق سے لازمی پڑھائی کی شق کو پوراکیا ہو

صنعتی سکول میں ابتداء سے پہلے Ungdommens Ungdomsvejledning نے تجزیہ کرنا ہوتا ہے کہ درخواست کنندہ صنعتی سکول کے اہداف گروپ میں ہے یا نہیں

اگر جگہ ہو تو سال میں کسی وقت بھی ابتداء کی جا سکتی ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک سال وہاں گزارا جا سکتا ہے داخلے کی درخواست متعلقہ صنعتی سکول سے کیا جائے

www.produktionsskoler.dk پر صنعتی سکولوں کی فہرست دیکھی جا سکتی ہے

## Erhversgrunduddannelse- egu
## (بنیادی پیشہ ورانہ تعلیمات اور کورس)

Erhvervsuddannelsen (egu) ان طلباء کے لیے پیشکش ہے جن کی عمر 30 سے کم ہے اور جو فی الحال آگے ایک قابلیت فراہم کرنے والی تعلیم یا کورس مکمل کرنے کی حیثیت میں نہیں ۔ پڑھائی فرداً فرداً تشکیل دی جاتی ہے

پڑھائی کے دورانیے کی بنیاد اولاً پریکٹیکل نوعیت کی ہے اور پڑھائی اور پریکٹیکل کام کے بدل بدل کر آنے والے دورانیوں پر مشتمل ہے ۔ کورس عموماً دو سالوں پر محیط ہوتا ہے لیکن خاص اوقات میں اسے مزید ایک سال کے پریکٹیکل کام سے بڑھایا جا سکتا ہے

سکول کے دورانیے20 سے40 ہفتوں پر محیط ہوتے ہیں اور پیشہ ورانہ کورس کی پڑھائی کے حصوں پر مشتمل ہوتے ہیں

ایک مشیر کے ساتھ نوجوان اپنا کورس تشکیل دیتا ہے ۔ مشیر پورے کورس کے دوران نوجوان کے اس معنی میں ساتھ ہوتا ہے کہ وہ مسائل کے وقت مدد کرتا ہے

### پریکٹیکل
پریکٹیکل کے دورانیے ایک یا زائد کمپنیوں میں، یا ایک ٹیکنیکل سکول میں دستکاری جگہ پر، ایک صنعتی سکول یا اس کی مثل جگہ پر، واقع ہوتے ہیں

پیشہ ورانہ شعبے مندرجہ ذیل ہو سکتے ہیں:
- آٹو اور دھات
- دکان اور آفس
- کچن اور کنٹین
- تعمیر اور تغمیبات
- Pædagogik اور دیکھ بھال

ضرورت پر مزید مدد اور پڑھائی کے مواقع ہیں





### مالی امور
پریکٹیکل کے دورانیے میں طلباء کو تنخواہ ملتی ہے اور سکول کے دورانیے میں سکول معاوضہ ملتا ہے

### Egu کے بعد
ایک فارغ شدہ egu کورس آگے پیشہ ورانہ قابلیت فراہم کرتا ہے اور آگے ایک مجموعی پیشہ ورانہ کورس کرنے کا موقع دیتا ہے جہاں کچھ مضامین دوبارہ نہیں پڑھنے پڑتے

- داخلے کی شرائط
- نویں جماعت سے فارغ ہو
- عمر 30 سال سے کم ہو
- زیر تعلیم نہ ہو اور نہ صنعتی سکول کے سکول دورانیے میں ہو
- زیر ملازمت نہ ہو
- فوراً ایک آگے قابلیت فراہم کرنے والی دوسری تعلیم یا کورس مکمل کرنے کی حیثیت میں نہ ہو

داخلے کی درخواست Ungdommens Ungdomsvejledning سے رجوع کرنے کے ذریعے سے ہو سکتی ہے

## نوجوانوں کے لیے خاص تعلیمات

مخصوص ضروریات کے حامل نوجوان کو سکول کے بعد تین سالہ نوجوانان تعلیم کی پیشکش کی جاتی ہے ۔ تعلیم کا رخ ان نوجوانوں کے طرف ہے جن کی نشوو نما میں خلل ہے اور ان نوجوانوں کے لیے جو دوسری نوجوانان تعلیمات اور کورس مکمل نہیں کر سکتے

تعلیم اس طرح تشکیل دی جاتی ہے کہ وہ فردا فردا نوجوان کی قابلیوں اور دلچسپیوں کے مطابق ہو ۔ تعلیم شروع کرتے وقت عمر25 سال سے کم ہو

مقصد نوجوان کی ذاتی نشوونما کو ابھارنا ہے اور ایک خود مختار اور متحرک زندگی کے مواقع کو بہتر بنانا ہے

UU-vejleder کے ذریعے تعلیم میں داخلہ ہوتا ہے

## بڑی عمر میں آنے والے نوجوانوں کے لیے تعلیمات

بڑی عمر میں آنے والے نوجوانوں کے لیے، یعنی نوجوان جو 14 سال یا اس سے زائد عمر میں ڈنمارک آئیں، خاص پیشکشیں ہیں ۔ عام مضامین پڑھائے جاتے ہیں (مثلاً VUC یا sprogskole یعنی زبان سکول میں)، لیکن ڈینش زبان پر زیادہ زور دیا جاتا ہے

## Husholdnings- og håndarbejdsskole (گھریلو کام اور سیلائی وغیرہ کا سکول)

یہ سکول کھانا پکانے، گھریلو کام، ذاتی دیکھ بھال، کپڑوں کی اقسام سے واقفیت، سیلائی، رنگت وغیرہ کے مضامین پڑھاتا ہے ۔ عام سکول کے مضامین میں بھی پڑھایا جاتا ہے

گھریلو کام اور سیلائی وغیرہ کے سکول پرائیوٹ سکول ہیں جہاں فیس ادا کرنی ہوتی ہے ۔ حکومت اور بلدیہ دونوں مالی مدد دیتے ہیں

www.hus-haand.dk پر مزید پڑھیں

## Ungdomsskole (سکول برائے نوجوانان)

Ungdomsskole ان نوجوان افراد کے لیے ایک رضاکارانہ پیشکش ہے جو مزید سیکھنا چاہتے ہیں ۔ پڑھائی دن اور شام کے وقت ہوتی ہے اور کچھ اوقات میں ایک اختتامی ٹیسٹ سے فارغ ہوا جا سکتا ہے ۔کچھ جگھوں پر (25سال کی عمر تک) ڈینش زبان میں مزید پڑھائی حاصل کی جا سکتی ہے

پڑھائی میں حصہ لینا مفت ہے

**اپنے اقامتی علاقے میں موجودہ پیشکشوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے مقامی UU-center سے رابطہ کریں**



# عملی معلومات

### درخواست

نویں اور دسویں جماعت کے طلباء سال میں ایک بار نوجوانان تعلیمات کے لیے داخلے کی درخواست دے سکتے ہیں داخلی فارم خود لایا جا سکتا ہے یا www.optagelse.dk پر پر کیا جا سکتا ہے

درخواست 15 مارچ سے پہلے پہلے اس سکول میں دی جائے جہاں طالب علم جا رہا ہے ۔ سکول درخواست اور طالب علم کے تعلیمی منصوبے کو اس جگہ بھیج دیتا ہے جہاں طالب علم ترجیحاً داخلے کی زیادہ خواہش رکھتا ہے

وہ طلباء جو نویں اور دسویں جماعت میں نہیں جاتے وہ www.optagelse.dk پر داخلی فارم کو پر کریں اور اس سکول کو بھیجیں جہاں وہ ترجیحاً داخلے کی زیادہ خواہش رکھتے ہیں ۔ سال میں کسی وقت بھی درخواست دی جا سکتی ہے

اگر egu، صنعتی سکول یا خاص نوجوانان تعلیمات کے لیے درخواست دینی ہو تو ایک UU-vejlederسے رابطہ کیا جائے ۔ مقامی UU-center پر یا UU-vejlederکے پاس داخلی فارم پر کرنے کے لیے مدد مل سکتی ہے

اگر پیشہ ورانہ سکول جانے کی خواہش ہو تو مطلوبہ سکول سے، داخلے سے پہلے براہ راست رجوع کیا جائے

### مالی امور

نوجوانان تعلیمات میں پڑھائی مفت ہے ۔ لیکن گھریلو کام اور سیلائی کے سکول اس اصول سے مستثنا ہیں ۔ تمام نوجوانان تعلیمات میں طلباء نے مثلاً لغات، کیلکولیٹر اور کاغذ کے لیے خود اخرجات اٹھانے ہوتے ہیں

### SU

18 سال کی عمر سے حکومتی تعلیمی معاوضے (SU) کی درخواست کی جا سکتی ہے ۔ رقم کی مقدار کاا نحصار والدین کی آمدنی پر ہے اور اس امر پر کہ رہاءش والدین کے ساتھ ہے یا الگ ہے ۔ SU کے ذریعے خاص کم سود پر قرصہ لیا جا سکتا ہے ۔ یہ غیرڈینش شہریت رکھنے والوں افراد کے لیے بھی ہے جو مستقل طور پر ڈنمارک میں رہائش رکھتے ہیں

> میں ہمیشہ ٹیکنیک کے شعبے کے بارے میں گرویدہ تھا اس لیے میں نے پراسس آپریٹر کے کورس کرنے کا انتخاب کیا انہماک اور زیادہ نظم سے کام کرنا یہ ہی میرا وصف ہے ۔ سکول میں میں فیزکس اور کیمسٹری سے بہت خوش تھی
>
> Daniela، 20 سال

لیکن انہوں نے کچھ شرائط پورے کرنے ہوتے ہیں ۔ www.su.dk پر مزید پڑھیں

## ٹرانسپورٹ

جن نوجوانان تعلیمات میں تنخواہ نہیں ملتی وہاں ٹرانسپورٹ کے لیے مالی مدد کی درخواست کی جا سکتی ہے ۔ مزید معلومات تعلیمی ادارے سے حاصل کریں

www.ug.dk پر ملازمت اور تعلیمات کے بارے میں مزید پڑھیں



**Urdu**

# نوجوان راستے پر

## نوجوان اور ان کے والدین کے لیے تعلیم کے بارے میں معلومات

نویں اور دسویں جماعت کے بعد نوجوانوں کے لیے تعلیم حاصل کرنے کے کئے مواقع ہیں ۔ یہ کتابچہ مختصر اور اکثر تعلیمات کے بارے میں بتاتا ہے ۔ پیشہ ورانہ تعلیمات، کالجی تعلیمات، egu، صنعتی سکول وغیرہ کے بارے میں پڑھیں اور مثلاً مالی امور اور درخواست کے بارے میں عملی معلومات حاصل کریں

UU-vejleder کے مشیر مزید معلومات اور رہنمائی دے سکتے ہیں

**Studie og Erhverv نے وزارت تعلیم اور وزارت انٹرگریشن کے باہمی تعاون سے نشر کیا ہے**

کتابچہ www.vejledningsviden.dk پر “Værktøjer for vejledere“ کے تحت بھی دستیاب ہے